Urdu

# اہم معلومات برائے تارک وطن کارکنان

**اگر آپ NYC میں کام کرتے ہیں تو ترک وطن کی حیثیت، قومی بنیاد یا ملکی بنیاد سے قطع نظر آپ کو حقوق حاصل ہیں۔**

## محفوظ ادائیگی اور بیماری کی چھٹی

اگر آپ NYC میں سال میں 80 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں تو آپ ہر سال 40 گھنٹے تک محفوظ اور بیماری کی چھٹی لے سکتے ہیں۔ چھٹی کو اپنے لیے یا کسی ایسے فرد کی مدد کے لیے جس کو نگہداشت اور علاج کے لیے فیملی خیال کرتے ہیں، یا گھریلو تشدد، ان چاہے جنسی رابطے، تعاقب یا انسانوں کی غیر قانونی تجارت کے کسی عمل یا دھمکی کے مدنظر مدد حاصل کرنے یا دیگر حفاظتی اقدامات کرنے کے لیے استعمال کریں۔

## اقل اجرت

آپ کو اپنے کام کے ہر گھنٹے کے لیے ادائیگی ہونا ضروری ہے، جس میں آپ کی شیڈول کردہ شفٹ سے پہلے اور/یا بعد میں کیا گیا کام اور کاروباری دن کے دوران سفر کرتے ہوئے گزرنے والا وقت شامل ہے۔

31 دسمبر 2018 تک یہ اقل اجرتیں لاگو ہوتی ہیں:

| نیو یارک سٹی میں اقل اجرتیں – ریٹ شیڈول | 12/31/18 | 12/31/19 |
|---|---|---|
| **فاسٹ فوڈ والے آجرین** | | |
| کارکنان کی کوئی بھی تعداد | $15.00 | |
| **دیگر تمام آجرین** | | |
| 10 یا اس سے کم کارکنان | $13.50 | $15.00 |
| 11 یا زائد کارکنان | $15.00 | |

*بخششوں والے کارکنان کے لیے خصوصی شرحیں ہیں۔*

## فاضل وقت

اگر آپ ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں تو 40 گھنٹے سے زیادہ وقت تک کیے گئے کام کے لیے آپ کے آجر پر آپ کی مستقل شرح کا کم از کم 1.5 گنا ادا کرنا لازم ہے۔

## منظم ہونے کا حق

آپ اپنے لیے اہمیت کے حامل کام کے مسائل کے بارے میں سلسلہ وار سرگرمیوں میں اپنے ساتھی کارکنان کے ہمراہ ایک ساتھ مجتمع ہو سکتے ہیں، بشمول آیا آپ یونین کے ذریعہ نمائندگی کروانا چاہتے ہیں۔ آجرین کام کرنے کے حالات کے بارے میں منظم ہونے یا آپ کے ساتھی کارکنان کے ساتھ بات کرنے پر آپ کو دھمکی نہیں دے سکتے، آپ کے خلاف امتیازی سلوک یا بصورت دیگر کارروائی نہیں کر سکتے ہیں۔

## محفوظ اور صحتمند کام کی جگہ

آپ کے کام کی جگہ کا صحت اور سلامتی کے معلوم خطرات سے پاک ہونا ضروری ہے۔ آپ کو کام کے خطرات کے بارے میں معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا بھی حق ہے۔

## امتیازی سلوک سے پاک کام کرنے کی جگہ

شہری، ریاستی اور وفاقی قانون بہت ساری بنیادوں پر امتیازی سلوک یا دھونس کو ممنوع قرار دیتے ہیں، بشمول کارکنان کی حقیقی یا قیاسی:

- ترک وطن کی حیثیت
- نسل
- قومی بنیاد
- مذہب/مسلک
- رنگ
- معذوری
- جنس، صنف
- صنفی شناخت
- حمل
- جنسی رجحان
- گرفتاری یا سزا یابی کا ریکارڈ
- گھریلو تشدد کے متاثر کے بطور حیثیت
- نگراں کی حیثیت

جو خود مختار ٹھیکیداران بذات خود آجر نہیں ہیں وہ بھی امتیازی سلوک اور دھونس سے تحفظ یافتہ ہیں۔

پشت کے صفحہ پر جاری >

NYC
Bill de Blasio
Mayor

Consumer Affairs
Lorelei Salas
Commissioner

Mayor's Office of Immigrant Affairs
Bitta Mostofi
Commissioner

Commission on Human Rights
Carmelyn P. Malalis
Commissioner/Chair

## خود مختار ٹھیکیدار کے بطور کیے گئے کام کے لیے ادائیگی

اگر آپ NYC میں فری لانس کارکن ہیں تو آپ کو قانونی حقوق حاصل ہیں جس میں شامل ہیں:

- **تحریری معاہدہ** ایسے کام کے لیے جس کا 120 دن کی کسی مدت میں میزان $800 یا اس سے زائد ہو
- **بروقت ادائیگی**
- **استعمال کرنے کا حق** اگر آپ کے کام کے لیے آپ کو بروقت ادائیگی نہیں کی جاتی ہے تو *جو رقم ادا نہیں کی گئی تھی اس کا دو گنا، انتقامی کارروائی کے مدنظر نقصانات اور اٹارنی کی فیس اور لاگتوں کی ادائیگی وصول کرنے کا حق آپ کو حاصل ہے۔*

## اگر امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) آپ کے کام کی جگہ میں آتے ہیں تو جاننے لائق چیزیں:

- چپ رہیں۔
- اگر آپ ICE سے بات کرتے ہیں تو جان لیں کہ آپ کا کوئی بھی قول آپ کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- اگر ICE کے ایجنٹوں کے پاس عدالتی وارنٹ نہ ہو تو نجی علاقوں میں داخل ہونے کے لیے انہیں منظوری حاصل کرنا لازم ہے۔

## اگر ترک وطن سے متعلق حکام نے آپ کو حراست میں لیا تو جاننے لائق چیزیں:

- آپ وکیل سے بات کرنے کی گزارش کر سکتے ہیں۔
- آپ کسی بھی چیز پر دستخط کرنے سے پہلے اپنے وکیل سے بات کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ ICE سے بات کرتے ہیں تو جان لیں کہ آپ کا کوئی بھی قول آپ کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**نوٹ: NYPD امیگریشن انفورسمنٹ انجام نہیں دیتا ہے۔**

مزید معلومات کے لیے، میئر کے دفتر برائے امور تارکین وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs) سے 1-212-788-7654 پر رابطہ کریں۔

## سوالات درپیش ہیں یا اعانت درکار ہے؟

### کام کی جگہ پرحقوق

محکمہ برائے امور صارفین (Department of Consumer Affairs, DCA) کا دفتر برائے محنت پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کارکنان کے لیے NYC کا مرکزی وسیلہ ہے۔
DCA سے رابطہ کرنے کے لیے:

- **311** (212-NEW-YORK outside NYC) پر کال کریں۔ محفوظ ادائیگی اور بیماری کی چھٹی، فری لانس کارکنان یا فیئر ورک ویک لاء (Fair Workweek Law) کے بارے میں پوچھیں۔
- **OLPS@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں
- **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

### ترک وطن سے متعلق قانونی خدمات

ActionNYC محفوظ، مفت ترک وطن سے متعلق قانونی اسکریننگ آپ کی کمیونٹی میں، آپ کی اپنی زبان میں فراہم کرتا ہے۔ ActionNYC سے رابطہ کرنے کے لیے:

- **311** پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں
- **nyc.gov/actionnyc** ملاحظہ کریں

آپ NYCitizenship کی معرفت شہریت کی درخواستوں میں مفت قانونی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ایک اپائنٹمنٹ طے کرنا ضروری ہے۔
NYCitizenship سے رابطہ کرنے کے لیے:

- **311** پر کال کریں اور "Citizenship Appointment" (شہریت کی اپائنٹمنٹ) بولیں۔

میئر کا دفتر برائے امور تارکین وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) تارک وطن کمیونٹیز کی بہبود کو فروغ دیتا ہے اور تارکین وطن کے لیے قانونی اور سٹی کی خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ MOIA سے رابطہ کرنے کے لیے:

- **nyc.gov/immigrants** ملاحظہ کریں

### امتیازی سلوک سے تحفظ

نیو یارک سٹی کے کمیشن برائے انسانی حقوق (New York City Commission on Human Rights) کو انسانی حقوق قانون (Human Rights Law) نافذ کرنے اور عوام کو تعلیم دینے اور کمیونٹی میں مثبت تعلقات کی حوصلہ افزائی کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

اگر آپ کو کام پر امتیازی سلوک یا دھونس کا سامنا یا آپ کو اس کا مشاہدہ ہوا ہے تو کمیشن سے رابطہ کریں:

- **311** یا **1-212-416-0197** پر رابطہ کریں
- **nyc.gov/humanrights** ملاحظہ کریں

NYC
Bill de Blasio
Mayor

Consumer Affairs
Lorelei Salas
Commissioner

Mayor's Office of Immigrant Affairs
Bitta Mostofi
Commissioner

Commission on Human Rights
Carmelyn P. Malalis
Commissioner/Chair

6/2020